# Hadrat Amma Jan (ra)

## - Viktige råd

## - norsk -

## *Viktige råd fra Hadrat Sayyeda Nusrat Jahan Begum Sahiba (ra)*

Hadrat Sayyeda Nusrat Jahan Begum Sahiba (ra) var den fromme hustruen til Hadrat Mirza Ghulam Ahmad, fra Qadian, - Den utlovede Messias (as). Hun var kjent ved sitt kjærlige kallenavn «Hadrat Amma Jan (ra)». Hennes fødselsnavn, som betyr «Verdens Hjelper», ville visselig bli en guddommelig antydning til den dype og særegne innvirkningen denne fromme kvinnen ville ha på verden, som den hengivne livspartneren til Den utlovede Messias (as).

Hadrat Amma Jan (ra) var en særdeles from og æret kvinne. De mest skinnende aspektene ved hennes karakter var guddommelig tilbedelse, gavmildhet, utholdenhet, og fullstendig tiltro til Gud under alle omstendigheter. Hun oppdro alle sine barn på best mulig vis. Hun tok imot alle medlemmer av menigheten med en slik kjærlighet og sympati, at alle følte at de var i familie med henne.

Hadrat Amma Jan (ra) gav følgende råd til sin datter, Hadrat Sayyeda Nawab Mubarika Begum Sahiba (ra), ved hennes ekteskapsinngåelse:

1. Gjør aldri noe i hemmelighet fra din ektemann eller noe som du føler at du må skjule for ham. Hvis saken noensinne kommer frem, vil du miste din respekt og tillitt for alltid, i tillegg til flausen det vil forårsake

2. Hvis du ved en feil har gjort noe som strider med hans ønsker, så ikke dekk over det, men fortell ham om det. Det er større ære i å være ærlig om det, og ved å skjule det, vil du kunne miste din respekt

3. Dersom han i sinne kjefter på deg eller barna, og du vet at han i dette tilfellet tar feil, så vent likevel til han har roet seg ned. Snakk da rolig med ham om situasjonen og forklar ham hvordan han tok feil. En kvinne som diskuterer med en mann når han er sint, mister sin respekt. Hvis han skulle ytre noen ord i sinne, hvor nedverdigende vil ikke det være!

4. Behandle hans slektninger og deres barn som dine egne. Ikke tenk vondt om noen, selv om noen begår ugagn mot deg. Ønsk alltid det beste for dem, både i ditt hjerte og med dine handlinger. Ikke gjengjeld en urett som er gjort mot deg. Og se så deretter hvorledes Gud alltid vil være med deg.

*(Seerat Hazrat Amma Jan (ra), del 2, s.167-168)*

## *Viktig råd fra Hadrat Sayyeda Nawab Mubarika Begum Sahiba (ra) til jenter før ekteskapsinngåelse*

Det var Hadrat Sayyeda Nawab Mubarika Begum Sahibas (ra) sedvane å gi råd til sine døtre og jentene i familien før deres ekteskapsinngåelse. Hun gav formative råd fra dag til dag, og disse gylne reglene er viktige parametere for å oppnå et suksessfullt ekteskap. De etterkommer læren i Den ærverdige Koranen og Den ærverdige profetens (saw) beretninger.

1. Jenter bør fra tidlig alder opplæres til å be til Allah om en rettskaffen og god partner
2. En kvinne må først tjene sin mann, og som følge av dette vil hun se at han vil falle for henne og tjene henne. (For en klok og intellektuell ting å si, at hustruen først må vise lojalitet og lytte til sin ektemann for å vinne hans hjerte og deretter vil ektemannen elske og verdsette sin hustru)
3. Private anliggender mellom ektefellene bør aldri diskuteres med andre. Noen har en tendens til å snakke med sine venner om slike saker og skryte av visse ting. Dette er ekstremt ødeleggende og upassende
4. Når en ektemann kommer hjem bør hustruen være presentabel. Likeledes bør hun være fint kledd når han drar fra henne, slik at når han enn måtte tenke på sin hustru vil han sitte igjen med et hyggelig bilde av henne, og ikke av en kvinne som lukter og med ukjemmet hår
5. Snakk aldri tilbake når din ektemann er sint. Kun senere etter at han har roet seg ned, kan du rolig forklare ham hans feil
6. Diskuter/krangle aldri rett etter at han har kommet hjem, uansett hvor sint du er. Vent til han har kommet i ro før du lufter ditt sinne
7. Skrik aldri når du og din ektemann er alene inne på et rom. Andre som hører kan mistolke dette
8. Et falskt ego bør ikke komme imellom ektefeller. Hvis mannen har tatt feil om noe så er det ikke noe vanærende ved å innrømme sine feil
9. Du må aldri true med å forlate hjemmet etter en krangel. Skulle ektemannen i sinne si: «Greit! Dra!», hvor ydmykende ville ikke det være? Denne trusselen vil kun føre til nedverdigelse i stedet for å bygge respekt

10. Gjør aldri noe i hemmelighet fra din ektemann, eller noe som du føler at du må skjule for ham. Hvis han senere finner ut av det, vil du miste din respekt og tillitt for alltid, i tillegg til flausen det vil forårsake
11. Diskuter aldri saker som angår din svigerfamilie med din familie, ei heller omvendt. Kanskje du glemmer saken, men det kan sette seg hos andre og forbitre deres hjerter

*(Seerat-o-Sawaneh Hadrat Sayyeda Nawab Mubarika Begum Sahiba, s.253-255)*

---

## *Et utdrag fra et brev av Hadrat Sayyeda Nawab Mubarika Begum Sahiba (ra)*

«Lydighet til din ektemann og å oppnå hans velbehag bør være din plikt, bortsett fra i de saker som strider med Sharia eller Allahs velvilje. Ta del i din ektemanns gleder helhjertet. Ved tilfeller hvor han er bekymret, bør du gi ham moralsk støtte. Hans rikdom og barn er en tillitt du er betrodd, og du bør ta vare på disse slik at du blir æret i Allahs øyne. Du bør anse dine ektemanns slektninger som dine egne, og anse hans foreldre som dine egne. Beskytt deg mot alt som kan forårsake ugagn og klag aldri. Søk alltid Allahs hjelp gjennom bønn. *(Seerat-o-Sawaneh Hadrat Sayyeda Nawab Mubarika Begum Sahiba, s.256 – Ekteskapsråd til en datter)*

---

## *Råd fra Hadrat Khalifatul Masih V (måtte Allah være hans Hjelper)*

Vi ser idag at ektefeller har en tendens til å fortelle om sine private anliggender til sine foreldre, noe som fører til ubehageligheter og konflikter. Vi ser også at noen foreldre selv har en vane for å konstant spørre sine barn om deres private affærer, noe som også bidrar til konflikt i hjemmet. Det er derfor Den ærverdige profeten (saw) har sagt at uansett hva som måtte bli sagt eller foregå mellom ektefeller, har de ingen rett til å fortelle om dette til andre, ei heller bør andre spørre dem om noe. Hvis dette rådet etterleves, vil det etter

min mening, automatisk ende mange disputter og krangler. *(Guidance of Hadrat Khalifatul Masih V (aba) from Guiding Light, bind 5, del 3, s.437)*

Det nye livet bør alltid begynne med et løfte om at vi skal forholde oss til hverandre med fullstendig lojalitet og sannferdighet. Det er ikke kun gutten og jenta som bør forholde seg til hverandre på denne måten, de bør også ta vare på hverandres foreldre og slektninger. Hvis en tenker på denne måten, hvis gutten og jenta tenker på denne måten, og hvis deres familier tenker på denne måten, da vil det takket være Allahs nåde, bli formet kjærlige og hengivne forhold, og bli knyttet slike bånd som vil vare lenge og aldri brytes. *(Guidance of Hadrat Khalifatul Masih V (aba) – Al Fazl International 8.-14. mars 2013, s.4)*

Nikah og ekteskap er anledninger som resulterer i fremtidig avkom. Barn blir født og familienes neste generasjoner vokser frem. Dette er grunnen til at Allah har befalt alltid å handle ut fra «*taqwa»-gudsfryktighet*, ved slike anledninger. Vær bevisst de nye bånd som knyttes og ta vare på hverandres slektninger slik at disse nyetablerte forholdene kan bli opprettholdt for alltid. *(Guidance of Hadrat Khalifatul Masih V (aba) – Al Fazl International 8.-14. mars 2013, s.4)*

Etter å ha fått barn før foreldre ende sine disputter for deres barns skyld. Hvis ikke, er det stor fare for at barna havner på villspor. Menn bør også skjerpe seg og ikke bli opphengt i sine egne ønsker og lyster. Redd deres barn fra å gå til grunne og både mannen og kvinnen bør utvikle «*taqwa*»- gudsfryktighet i deres hjerter. *(Foredrag av Hazrat Khalifatul Masih V (aba) ved Jalsa Salana UK 2015 – Al Fazl International 23.-29.oktober 2015, s.17)*

Når noen ved et frieri, ber til Allah om et liv med ro og kjærlighet, og ber om at hvis dette frieriet vil være til gagn for meg og medføre ro, da bør det fullbyrdes og lede til et ekteskap. En slik bønn vil, ved Allahs nåde, føre til et suksessfullt ekteskap. En bør derimot huske at også etter bryllupet, fortsetter Satan å angripe gjennom forskjellige forkledninger, og en bør derfor alltid fortsette å be om et ekteskap fylt med fred, kjærlighet og hengivenhet. *(Fredagspreken 3.mars 2017 – Al Fazl International 24.-30. mars 2017, s.6)*

Disse forholdene bør alltid bygges på et grunnlag av sannferdighet. Hvis forholdene baseres på sannhet vil dette skape tillit, noe som igjen vil føre til en skjønnhet i disse nye båndene. Og videre vil den neste generasjonen også forbli standhaftig i sin tro og også de vil holde fast ved sannheten, og de vil være slike som sprer kjærlighet og hengivenhet.

*(Al Fazl Inernational 8.-14-mars 2013 – Khutbat Nikah, s.4)*

Av Lajna Imaillah Norge

لجنہ اماءاللہ ناروے کی طرف سے

ہمیشہ اس عہد کے ساتھ نئی زندگیوں کا آغاز کرنا چاہئیے کہ ہم نے ایک دوسرے کے ساتھ کامل وفاداری اور سچ کے ساتھ تعلق نبھانے ہیں اور نہ صرف آپس میں لڑکے لڑکی نے یہ تعلق نبھانے ہیں بلکہ ایک دوسرے کے والدین کا، رشتہ داروں کا، عزیزوں کا بھی خیال رکھنا ہے۔ اگر انسان یہ سوچے، لڑکا لڑکی سوچیں، ان کے خاندان سوچیں تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے بڑے پیار اور محبت کے رشتے قائم ہوتے ہیں اور دیرپا ہوتے ہیں اور ہمیشہ قائم رہتے ہیں۔

(ارشاد حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ از الفضل انٹرنیشنل8 تا 14 مارچ 2013 ص4)

نکاح شادی ایسے مواقع ہیں جن کے نتیجہ میں آئندہ نسلیں پیدا ہوتی ہیں، اولادیں پیدا ہوتی ہیں اور خاندانوں کی نسلیں چلتی ہیں۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے اس موقع پر ہمیشہ تقویٰ سے کام لو۔ ایک دوسرے کے رشتوں کا خیال رکھو ،رشتے داروں کا خیال رکھوتاکہ یہ نئے قائم ہونے والے تمہارے رشتے ہمیشہ قائم رہیں۔

(ارشاد حضرت خلیفۃالمسیح ایدہ اللہ تعالیٰ از الفضل انٹرنیشنل 8 تا 14 مارچ2013 ص 4)

میاں بیوی کو آپس کی رنجشوں کو بچوں کی پیدائش کے بعد بچوں کی خاطر قربانی کرتے ہوئے ختم کرنا چاہئیے ورنہ بچوں کے بگڑنے کا بہت زیادہ امکان ہے۔ مردوں کو بھی ہوش کے ناخن لینے چاہئیں۔ اپنی خواہشات کے پجاری نہ بنیں۔ اپنی نسلوں کو برباد ہونے سے بچائیں اور دونوں میاں بیوی اپنے دلوں میں تقویٰ پیدا کریں۔

(خطاب حضرت خلیفۃالمسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ جلسہ سالانہ یوکے 2015از الفضل انٹرنیشنل 23تا29اکتوبر2015ص17)

رشتے سے پہلے جب بندہ دعا میں اللہ تعالیٰ سے تسکین او ر محبت سے زندگی گذارنے کی دعا کرے اور یہ دعا کرے کہ اگر اس میں میرے لئے تسکین اور خیر ہے تو یہ رشتہ ہوجائے اور شادی ہوجائے تو پھر شادی شدہ زندگی اللہ تعالیٰ کےفضل سے بڑی کامیاب گزرتی ہے لیکن یہ بھی یاد رکھیں کہ شادی کے بعد مختلف ذریعوں سے حملے کرتا رہتا ہے ۔ اس لئے یہ دعا ہمیشہ کرتے رہنا چاہئیے۔ کہ شادی ہمیشہ سکون اور محبت اور پیار سے گزرے۔

(خطبہ جمعہ 03.03.2017از الفضل انٹرنیشنل 24تا30مارچ2017 ص6)

ہمیشہ ان رشتوں کی بنیاد سچائی پر رکھو۔ اگر سچائی پر بنیاد ہوگی تو ایک دوسرے پر اعتماد قائم ہوگا اور جب اعتماد قائم ہوگا تو پھر ان تعلقات میں خوبصورت اور بہتری پیدا ہوگی اور نئی نسلیں بھی دین پر قائم رہنے والی،سچائی پرقائم رہنے والی اور پیار و محبت کو پھیلانے والی ہوں گی۔

(الفضل انٹرنیشنل 8 تا 14 مارچ 2013 خطبات نکاح ص4)

(سیرت و سوانح سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ ص 253-255از بیٹی کو شادی کی نصائح)

## حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگمؓ صاحبہ کے ایک مکتوب سے اقتباس

شوہر کی اطاعت اور خوشنودی حاصل کرنا تمہارا فرض ہونا چاہئیےسوائے ان امور کے جو خلاف شریعت ہوں اور رضائے مولیٰ کے خلاف ہوں۔ اُس کی خوشیوں میں خوشی سے شریک ہوں۔ ان کے تفکرات کے اوقات میں اُس کی دلجوئی کرو۔ اس کا مال ، اس کی اولاد یہ سب تمہارے پاس امانت ہوں گی اُن کی حفاظت کرنا تاکہ خداتعالیٰ کے حضور سرخرو ہوسکو۔ اس کے عزیزوں کو اپنا عزیز اور اس کے والدین کو اپنے والدین جاننا۔ ہر فتنہ انگیز بات سے بچنا اور شکایت کبھی نہ کرنا دعاؤں سے اللہ تعالیٰ کی نصرت ہمیشہ طلب کرتی رہنا۔

(سیرت و سوانح سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ ص 256 از بیٹی کو شادی کی نصائح)

## حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی نصائح

آج کل کے معاشرے میں میاں بیوی کی جو آپس کی باتیں ہیں وہ لوگ اپنے ماں باپ کو بتا دیتے ہیں اور پھر اس سے بعض بدمزگیاں پیدا ہوتی ہیں۔ لڑائی جھگڑے پیدا ہوتے ہیں۔ بعض دفعہ ماں باپ کو خود عادت ہوتی ہے کہ بچوں سے کُرید کُرید کر پوچھتے ہیں۔ پھر یہی جھگڑوں کا باعث بنتی ہیں۔ اس لئے آپ ﷺ نے فرمایا: میاں بیوی کی باتیں خواہ کسی بھی قسم کی ہوں نہ ان کا حق بنتا ہے کہ دوسروں کو بتائیں اور نہ دوسروں کو پوچھنی چاہئیں۔ اگر اس نصحیت پر عمل کرنے والے ہوں توبہت سارے جھگڑے میرے خیال میں خودبخود ختم ہوجائیں۔

(ارشاد حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ ازمشعل راہ جلد پنجم حصہ سوم صفحہ 437)

# بچیوں کو شادی سے پہلے حضرت سیّدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ ؓکی اہم نصائح

حضرت سیّدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا طریق تھا کہ شادی سے پہلے اپنی اور خاندان کی بچیوں کو نصائح
فرماتی تھیں وہ ان نصائح کی یاد دہانی متواتر کراتی رہتی تھیں تاکہ وہ کامیاب ازدواجی زندگی بسر کرسکیں ۔ یہ نصائح قرآن
کریم و احادیث مبارکہ کی تعلیمات کے عین مطابق ہیں وہ درج ذیل ہیں:۔

1. بچیوں کو اوائل عمری سے ہی اپنے لئے نیک و اچھے ساتھی کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے کی مائیں نصیحت کریں۔
2. شادی سے پہلے بیوی میاں کی لونڈی بنتی ہے تو پھر میاں بیوی کا غلام بنتا ہے۔( یعنی کتنی حکمت اور عقل کی بات ہے کہ بیوی پہلے میاں کی فرماں بردار اور مطیع بنے تو میاں کا دل جیتے گی پھر میاں بیوی سے محبت کرے گا)۔
3. میاں بیوی کی پرائیوٹ باتیں بھی کسی سے نہ کرو اپنی سہلیوں سے اور مرد اپنے دوستوں سے ایسی باتیں شیخی بگھارتے ہیں جو نہایت بری اور نامناسب بات ہے۔
4. میاں جب باہر سے آئے تو تیار رہو۔ جب باہر جائے جب بھی تمہارا حلیہ درست ہو،تا کہ جب وہ تمہارا تصور کرے تو خوش کن ہو نہ کہ بال پھیلائے ہوئے ایک بدبودار عورت کا۔
5. غصے کے وقت میاں سے زبان مت چلاؤ بعد میں غصہ ٹھنڈا ہونے پر اس کی زیادتی پر آرام سے شرمندہ کرو۔
6. باہر سے آنے پر کبھی لڑائی نہ کرو خواہ تمہیں کتنا ہی غصہ ہو۔ ہر لحاظ سے آرام پہنچا کر بے شک بھڑاس نکالو۔
7. میاں بیوی کمرے میں ہوں تو کبھی کسی بات پر چیخ نہ مارو سننے والے کچھ کا کچھ سوچیں گے۔
8. میاں بیوی کے رشتے میں جھوٹی انا نہیں ہونی چاہئیے۔ اگر اپنی غلطی ہے تو میاں بیوی کو منالے اس میں کوئی بے عزتی نہیں ہے۔
9. لڑ کر کبھی گھر سے جانے کی دھمکی نہ دو۔اگر مرد غصہ میں آکر کہہ دے اچھا جاؤ تو کتنی بے عزتی ہےاور میکے میں جاکر بیٹھنا تو اس وقت ہی ہے جب خدانخواستہ واقعی نہ جانا ہو۔ ورنہ ایسی بات قدر کی بجائے بے عزتی کرواتی ہے۔
10. کوئی کام میاں سے چھپ کر نہ کرنا جو بات چھپانے کو جی چاہے وہ ہرگزنہ کرنا۔ اگر میاں کو پتہ چل جائے تو ساری عمر کے لئے بے اعتباری ہوجائے گی اور بے عزتی الگ۔
11. میکے کی بات سسرال اور سسرال کی بات میکہ میں نہ کرنا تمہارے دل سے تو وہ بات مٹ جائے گی لیکن بڑوں کے دل میں گرہ پڑجائے گی۔

# حضرت سیّدہ نصرت جہاں صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ذرّیں نصائح

حضرت سیّدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت مرزا غلام احمد مسیح موعود و مہدی موعود علیہ السلام کی
زوجہ محترمہ تھیں۔ آپ حضرت اماں جان کے نام سے پہچانی جاتی ہیں۔اُن کےپیدائشی نام کے لغوی معانی ’’ساری دنیا کی مددگار ‘‘ ہیں۔ جو کہ اُن نیک خاتون کی ذاتِ گرامی پر بھی اثر انداز ہوا اور آپ کو نبی الزماں کی شریک حیات کے طور پر
زندگی گذارنے کی توفیق ملی۔ حضرت اماں جانؓ کی زندگی کا سب سے روشن پہلو ان کی تقویٰ شعاری، عبادت گذاری، سخاوت،مہمان نوازی،ضرورتمند و ں کی حاجت روائی، نفاست،ثابت قدمی اور ہر حال میں خدا تعالیٰ پر مکمل ایمان تھا۔
انہوں نے اپنے بچوں کی بہترین پرورش کی۔ انہوں نے اس انداز میں محبت و اخلاص کا سب سے تعلق رکھا کہ ہر کوئی یہ
محسوس کرتا کہ وہی ان کے سب سے قریب ہیں۔
حضرت اماں جانؓ حضرت سیّدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنی صاحبزادی حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہؓ کو شادی کے موقعہ درج ذیل نصائح فرمائیں:۔

1. اپنے شوہر سے پوشیدہ یا وہ کام جس کو اُن سے چھپانےکی ضرورت سمجھو ہرگز کبھی نہ کرنا۔ شوہرنہ دیکھے مگر خدا دیکھتا ہے اور بات آخر ظاہر ہوکر عورت کی وقعت کو کھو دیتی ہے۔
2. اگر کوئی کام اُن کی مرضی کے خلاف سرزد ہوجائے تو ہرگز کبھی نہ چھپانا صاف کہہ دینا کیونکہ اس میں عزت ہے اور چھپانے میں آخر بے عزتی اور بے وقری کا سامنا ہے۔
3. کبھی ان کے غصے کے وقت نہ بولنا تم پر یا کسی نوکر یا بچہ پر خفا ہوں اور تم کو علم ہو کہ اس وقت یہ حق پر نہیں ہیں جب بھی اس وقت نہ بولنا۔غصہ تھم جانے پر آہستگی سے حق بات اوران کا غلطی پر ہونا ان کو سمجھا دینا۔غصہ میں مردسےبحث کرنے والی عورت کی عزت باقی نہیں رہتی اگر غصہ میں کچھ وہ سخت کہہ دیں تو کتنی ہتک کا موجب ہو۔
4. ان کے عزیزوں کو، عزیزوں کی اولاد کو اپنا جاننا، کسی کی برائی تم نہ چاہنا خواہ تم سے کوئی برائی کرے تم دل میں بھی سب کا بھلا چاہنا اور عمل سے بھی۔ بدی کا بدلہ نہ کرنا۔ دیکھنا پھر ہمیشہ خدا تمہارا بھلا کرے گا۔

(سیرت حضرت اماں جانؓ حصہ دوم ص 167،168از بیٹی کو نصائح)

# حضرت

# اماں جانؓ

## - نصائح

- اردو -